| مضمون: | اردو | جماعت: | کی جی (دسواں ہفتہ) | موضوع: | جوڑ کے توڑ | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ جوڑ کے توڑ پڑھ سکیں، لکھ سکیں اور جملوں میں استعمال کر سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں سے ہم آواز الفاظ کی دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>لے، لیں، دے، دیں، کرے، کریں کے فلیش کارڈ تختہ سفید/ سیاہ پر چسپاں کیے جائیں گے۔ ان الفاظ کو با آواز بلند دو سے تین بار پڑھایا جائے گا۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم ان الفاظ کے توڑ کرنا سیکھیں گے اور جملوں میں ان کا استعمال سیکھیں گے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو باری باری بلا کر لے، لیں، دے، دیں، کرے، کریں کے فلیش کارڈ دے کر ان کی پڑھائی کروائی جائے گی اور بورڈ پر توڑ لکھنے پر ان کی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔ بچوں سے کتاب صفحہ 53 کھولنے کو کہا جائے گا۔ حروف کے توڑ لکھنے کو کہا جائے گا نیچے دیئے گئے جملوں میں درست لفظ کا استعمال کرنے اور جملے پڑھنے کو کہا جائے گا۔ معلمہ تمام جملے تختہ سفید/ سیاہ پر لکھ کر ان کی بلندی خوانی کروائے گئی<br>**اختتامیہ:**<br>کون، کب، کہاں، بنیں، ڈرے، دیں کے الفاظ کی پڑھائی کروائی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی پر لے، لیں، دے، دیں، کرے، کریں کی لکھائی کیجیے۔ | 5 منٹ<br><br>5 منٹ<br><br>25 منٹ<br><br>5 منٹ | کتاب صفحہ نمبر 53 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا ہم آواز الفاظ کی نشاندہی اور لکھائی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کی جی (دسواں ہفتہ) | موضوع: | جوڑ کے توڑ | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ جوڑ کے توڑ پڑھ سکیں، لکھ سکیں اور جملوں میں استعمال کر سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو لے، دیں، دے، کیوں، کیسے، بنائی، بناؤ کے فلیش کارڈ دکھا کر دہرائی کروائی جائے گی۔<br>تعارف:<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حروف کے توڑ دیکھ کر حروف اور اس کے جوڑ لکھیں گے۔ معلمہ تختہ سیاہ/ سفید پر گ+ یہ+ ا لکھے گی۔ اور بچوں سے پوچھے گی کہ اس میں کون کون سے حروف ہیں پھر حروف کی پوری شکل گ، یے، ا لکھے گی۔ اب بچوں کو بتائے گئی کہ گ+ یہ+ ا کو جوڑ کر کیا لفظ بنتا ہے۔<br>مرکزی سرگرمی:<br>بچوں سے ہوپ سکوچ گیم کھیلائی جائے گی۔ زمین پر جائے، آئے، ہیں، ہوں، گئی، گئے، گیا، سائے، آؤ، جاؤ کے توڑ لکھے جائیں گے ۔معلمہ ان میں سے کوئی لفظ بولیں گی اور بچے اس کے جوڑ لکھنے کو کہا جائے گا۔<br>اختتامیہ:<br>بچوں سے جائے، سائے، آؤ، جاؤ، ہوں ہیں حروف کی پڑھائی کروائی جائے گی۔<br>گھر کا کام:<br>کتاب صفحہ 75 کیجیے۔ | 2 منٹ<br>5 منٹ<br>25 منٹ<br>5 منٹ | فلیش کارڈ<br>ہوپ سکوچ گیم<br>کتاب صفحہ 36 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا ہم آواز الفاظ کی نشاندہی اور لکھائی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کی جی (دسواں ہفتہ) | موضوع: | جوڑ کے توڑ | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ ہم آواز الفاظ کی پہچان اور لکھائی کر سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو جاؤ، جائے، گیا، گئی، گئے، آؤ کے فلیش کارڈ دکھا کر ان کی دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم ان الفاظ کی دہرائی کریں گے۔ بتا، بتاؤ، بتائی، بتائے، بتائیں کا فلیش کارڈ بورڈ پر چسپاں کر کے تین سے چار بار ان الفاظ کی دہرائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو یاد دہرائی کروائی جائے گی کہ الفاظ حروف کا مجموعہ ہوتے ہیں۔ جب ہم حروف کو توڑ توڑ کر لکھتے ہیں تو اس کے توڑ بن جاتے ہیں۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو Spin Wheel دے کر الفاظ کی پڑھائی کروائی جائے گی۔ بچوں سے کتاب صفحہ 76 کھولنے کو کہا جائے گا۔ حروف کی توڑ لکھنے کو کہا جائے گا۔ نیچے دیے گئے جملوں کو تختہ سیاہ سفید پر لکھ کر معلمہ ان کی پڑھائی کروائی گی۔ ان جملوں میں اوپر پڑھے گئے حروف پر بچوں سے بلا کر دائرہ بنوائے گی۔<br>**اختتامیہ:**<br>بتاؤ، بتائیں، بتائی، بتا کی پڑھائی کروایئے۔<br>**گھر کا کام:**<br>کتاب صفحہ 77 کیجیے۔ | 5 منٹ<br><br>10 منٹ<br><br>20 منٹ<br><br>5 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا مذکر مونث کی نشاندہی کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کی جی (دسواں ہفتہ) | موضوع: | جوڑ کے توڑ | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ ہم آواز الفاظ پڑھ اور لکھائی کرسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو بتا، بتائی، بتاؤ، بتائے اور بتائیں کے فلیش کارڈ دکھا کر ان کی دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو 'ہے' اور ہیں کا فلیش کارڈ باری باری دکھا کر بتایا جائے گا جملوں کے آخر میں ہم 'ہے' اور 'ہیں' کا استعمال کرتے ہیں۔ بچوں کو بتایئے کہ ایک سے زیادہ چیزوں کے ساتھ 'ہیں' کا استعمال کیا جاتا ہے جبکہ ایک چیز کے ساتھ 'ہے' کا استعمال کیا جاتا ہے مثال کے طور پر کتاب ہے، کتابیں ہیں، کھڑکی ہے، کھڑکیاں ہیں، کھلونا ہے، کھلونے ہیں۔ تختہ سفید اور سیاہ پر لکیر کھینچ کے 'ہے' اور 'ہیں' لکھنا بتایا جائے گا۔ بچوں کو بتایئے کہ 'ہ' کی آدھی شکل بنایئے اور اس کے ساتھ 'ے' لگائیں تو 'ہے' بنے گا پھر بتائیں کہ پہلے 'ہ' کی آدھی شکل بنائیں اس کے ساتھ (یہ) اور (ں) بنا دیں تو 'ہیں' بنے گا۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو دو گروپوں میں تقسیم کریں۔ ایک گروپ کو الفاظ کے فلیش کارڈز اور دوسرے گروپ کو 'ہے' اور 'ہیں' کے فلیش کارڈز دیں۔ بچوں کو ہدایت دیں کہ جن کے پاس الفاظ کارڈز ہیں وہ ایک فلیش کارڈ اٹھائیں گے اُسے پڑھیں گے اور دوسرے گروپ کو دکھائیں گے۔ اب دوسرا گروپ فلیش کارڈ کے ذریعے بتائے گا کہ اس لفظ کے ساتھ 'ہے' آئے گا یا 'ہیں'۔ یہ سرگرمی باری باری گروپ کا ہر بچہ کرے گا۔<br>بچوں سے کاپی کھولنے کو کہا جائے گا۔ کاپی پر 'ہے' اور 'ہیں' کی لکھائی کروائی جائے گی۔۔<br>**اختتامیہ:**<br>تختہ سیاہ/سفید پر الفاظ لکھے جائیں گے اور بچے ان کے ساتھ ہے/ ہیں پر دائرہ بنائیں گے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا الفاظ اور جملوں میں 'ہے' اور 'ہیں' کا استعمال کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | کی جی (دسواں ہفتہ) | موضوع: | جوڑ کے توڑ | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ الفاظ اور جملوں میں 'ہے' اور 'ہیں' کا استعمال جان سکیں۔ | **دہرائی:** بچوں سے پوچھا جائے گا کہ 'ہے' اور 'ہیں' کا استعمال کب کیا جاتا ہے؟<br>تعارف: بچوں کو بتایئے کہ آج ہم 'ہے اور ہیں کو' جملوں میں استعمال کرنا سیکھیں گے۔ تختہ سفید/ سیاہ پر چند جملے لکھیں۔<br>یہ میرا گھر ہے    وہ کیلے ہیں    یہ میری گڑیا ہے    وہ میرے جوتے ہیں<br>بچوں کو کہیے کہ باری باری اونچی آواز میں جملے پڑھیے اور بتایئے کہ کن الفاظ کے ساتھ ہے استعمال ہو رہا ہے اور کن الفاظ کے ساتھ ہیں۔<br>**مرکزی سرگرمی:** بچوں کو دو گروپوں پر تقسیم کریں۔ ایک گروپ کو ادھورے جملوں کے فلیش کارڈ اور ایک گروپ کو 'ہے اور ہیں' کے فلیش کارڈز دیں۔ پہلے گروپ کو کہیے کہ وہ فلیش کارڈ اٹھا کر دوسرے گروپ کو دکھائے۔ دوسرا گروپ جملہ پڑھے گا اور فلیش کارڈ کے ذریعے بتائے گا کہ اس جملے کا ساتھ کیا آئے گا۔<br>یہ میری کتابیں    ہیں<br>پہلا گروپ    دوسرا گروپ<br>یہ میرا بستہ ہے    ہے<br>پہلا گروپ    دوسرا گروپ<br>بچوں کو کتاب صفحہ 42 کھولنے کو کہا جائے گا۔ بچوں کو جملے پڑھا کر ان سے ہے اور ہیں لکھنے کو کہا جائے گا۔ جوڑ کے توڑ کروائے جائیں گے۔<br>**اختتامیہ:** تختہ سفید/ سیاہ پر جوڑ لکھ کر ان کے توڑ پوچھے جائیں گے۔ دوست، بادل، بارش<br>**گھر کا کام:** کاپی پر ہے اور ہیں لکھیں۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | جملے فلیش کارڈز<br>ہے/ ہیں<br>فلیش کارڈز<br>کتاب صفحہ 42 | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا الفاظ اور جملوں میں 'ہے' اور 'ہیں' کا استعمال کرنے پر۔ |